## سوال

(891) خالہ کا دودھ پینے سے رضاعت کا ثبوت

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دو بہنیں ہیں، ایک کی دو بیٹیاں اور دوسری کا ایک بیٹا ہے۔ ایک بیٹی نے جو بڑی ہے دوسری کے بیٹے کے ساتھ دودھ پیا ہے۔ کیا اس لڑکے کے لیے جائز ہے کہ ایک دوسری لڑکی جس کے ساتھ اس نے دودھ نہیں پیا ہے نکاح کر لے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب ایک لڑکی نے لڑکے کی ماں کا دودھ پیا ہے، اور لڑکے نے لڑکی کی ماں کا دودھ نہیں پیا ہے تو اس لڑکے کے لیے جائز ہے کہ دوسری لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے۔ اس پر مسلمانوں کا اتفاق ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 627**

**محدث فتویٰ**